تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ : قرآن و حدیث | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

القسم الاول ... قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کی آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۵x۸=۴۰

(۱) وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ٥

(۲) وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ ٥

(۳) وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ٥

(۴) وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ٥

(۵) قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ٥

(۶) قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىْ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ٥

(۷) مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ٥

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کوئی دس الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

(۱) مُخْزِى (۲) سِقَايَةَ الْحَآجِّ (۳) اِثَّاقَلْتُم (۴) اِرْصَادًا (۵) السَّآئِحُوْن (۶) كَظِيْمٌ (۷) ضَيِّق
(۸) غَيْرَ بَاغٍ (۹) سَرَابِيْل (۱۰) كَلَمْحِ الْبَصَر (۱۱) الطَّاغُوْت (۱۲) يَنْفَدُ (۱۳) خَاشِعُوْنَ

القسم الثانی ... حدیث شریف

سوال نمبر 3: درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے دو کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق قلمبند کریں۔ (۶+۴=۱۰) ۱۰x۲=۲۰

(۱) قال رسول الله ﷺ ان من اشر الناس عندالله منزلة يوم القيمة الرجل يفضى الى المرأة وتفضى اليه ثم ينشر سرها

(۲) عن عبدالله بن عمرو بن العاص قال قال رسول الله ﷺ ياعبدالله لاتكن مثل فلان كان يقوم الليل فترك قيام الليل

(۳) ان النبى ﷺ كان اذا تكلم بكلمة اعادها ثلاثا حتى تفهم عنه واذا اتى على قوم فسلم عليهم سلم عليهم ثلاثا

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے دو احادیث مبارکہ پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ (۵+۵=۱۰) ۱۰x۲=۲۰

(۱) عن سلمة بن الاكوع ان رجلا اكل عند رسول الله ﷺ بشماله فقال كل بيمينك قال لااستطيع قال لااستطعت مامنعه الاالكبر فما رفعهاالى فيه

(۲) عن النبى ﷺ قال الاسبال فى الازار والقميص والعمامة من جر شيئا خيلاء لم ينظر الله اليه يوم القيمة

(۳) عن عائشة قالت كان النبى ﷺ يصلى من الليل احدى عشرة ركعة فاذا طلع الفجر صلى ركعتين خفيفتين ثم اضطجع على شقه الايمن حتى يجئ المؤذن فيؤذنه

سوال نمبر 5: درج ذیل حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور تشریح کریں۔ ۵+۵=۱۰

عن ابى هريرة ان النبى ﷺ قال ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب فاذا عطس احدكم وحمدالله كان حقا على كل مسلم سمعه ان يقول له يرحمك الله واماالتثاؤب فانما هو من الشيطان فاذا تثاءب احدكم فليرده مااستطاع فان احدكم اذا تثاءب ضحك منه الشيطان

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ : فقہ و اصول فقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ... فقه

سوال نمبر 1: واذاحصل الایجاب والقبول لزم البیع ولاخیار لاحد منهما الامن عیب اوعدم رؤیة والاعواض المشار الیها لایحتاج الی معرفة مقدارها فی جواز البیع والاثمان المطلقة لاتصح الاان تکون معروفة القدر والصفة

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور عبارت میں بیان کردہ مسائل کی وضاحت کریں۔ ۱۵=۸+۷

(ب) خیار عیب اور خیار رؤیت کی تعریف کریں۔ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 2: الربا محرم فی کل مکیل اوموزون اذا بیع بجنسه متفاضلا فالعلة فیه الکیل مع الجنس او الوزن مع الجنس

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور ربا کی تعریف کریں ۱۵=۷+۸

(ب) گوشت کو زندہ جانور کے بدلے بیچنا جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ کا موقف قلمبند کریں۔ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 3: اسباب الموجبة للحجر ثلاثة الصغر والرق والجنون ولایجوز تصرف الصغیر الاباذن ولیه ولاتصرف العبد الاباذن سیده ولایجوز تصرف المجنون المغلوب علی عقله

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے ایسی تشریح کریں کہ صغیر، غلام اور مجنوں میں سے ہر ایک کے اقوال وافعال کی حیثیت واضح ہو جائے۔ ۱۵=۵+۱۰

(ب) عاقل، بالغ، آزاد سفیہ کا اپنے مال میں تصرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ کا موقف واضح کریں۔ ۱۰

القسم الثانی ... اصول فقه

سوال نمبر 4: فالخاص لفظ وضع لمعنی معلوم او لمسمی معلوم علی الانفراد کقولنا فی تخصیص الفرد زید وفی تخصیص النوع رجل وفی تخصیص الجنس انسان

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور خاص کا حکم لکھ کر تخصیص کی مذکورہ تینوں صورتوں کی وضاحت کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

(ب) قدعلمنا مافرضنا علیهم فی ازواجهم میں کونسا لفظ خاص ہے اور کیسے؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 5: کل لفظ وضعه واضع اللغة بازاء شیٔ فهو حقیقة له ولواستعمل فی غیره یکون مجازا لاحقیقة

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے اصول الشاشی کی روشنی میں دلائل سے بیان کریں کہ حقیقت اور مجاز جمع ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ ۱۵=۱۰+۵

(ب) حقیقت متعذرہ اور حقیقت مستعملہ کی تعریف کر کے مثال دیں۔ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 6: فصل فی المتقابلات نعنی بها الظاهر والنص والمفسر والمحکم

(الف) متقابلات کی مذکورہ چاروں اقسام کی تعریف کر کے ایک ایک مثال دیں۔ ۲۰=۴x۵

(ب) متعلقات نصوص کتنے اور کون کون سے ہیں (صرف نام لکھیں) ۵

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ : نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:

الكلمة لفظ وضع لمعنى مفرد

(الف) الکلمۃ کا الف لام کونسا ہے؟ کلمہ کا کیا معنی ہے؟ الکلمۃ مبتداء مؤنث ہے اور لفظ ....الخ خبر مذکر ہے مطابقت کیوں نہیں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) کلمہ کی اقسام لکھ کر ان کی وجہ تسمیہ اور وجہ حصر بیان کریں۔ ۱۵

(ج) مفرد کی اعرابی حالتیں بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:

غير المنصرف ما فيه علتان من تسع او واحدة منها تقوم مقامهما

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ علمیت کن اسباب کے لئے شرط ہے اور کن کے ساتھ جمع ہی نہیں ہو سکتی؟ ۸+۷=۱۵

(ب) زفر، جمع اور اخر میں کونسا عدل پایا جاتا ہے مفصلا بیان کریں۔ ۵x۳=۱۵

سوال نمبر 3:

المرفوعات هو ما اشتمل على علم الفاعلية

(الف) مرفوعات کا واحد کیا ہے اور الف تا کے ساتھ جمع کیسے آئی؟ فاعل کی تعریف کر کے فوائد و قیودات بیان کریں ۱۵

(ب) فاعل کو مفعول پر مقدم اور مؤخر کرنے کے وجوبی مقامات بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:

المفعول المطلق وهو اسم ما فعله فاعل فعل مذكور بمعناه

(الف) ترجمہ کریں اور مفعول مطلق کی اقسام بیان کر کے ہر قسم کی مثال دیں۔ ۱۲+۳=۱۵

(ب) فعل کو حذف کرنے کے سماعی وجوبی مقامات بیان کریں۔ ۱۰

(ج) تحذیر کی تعریف کر کے مثال دیں۔ ۵

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادة الثانویة الخاصة (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ : منطق وعربی ادب | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ... منطق

سوال نمبر 1:۔ فاعلم ان الحکماء یزعمون ان التصدیق لیس الا ادراک المعنی الرابطی والامام یزعم ان التصدیق مجموع الادراکات الثلثة اعنی تصور المحکوم وتصور المحکوم به وادراک النسبة الحکمیة المسمی بالحکم

(۱) عبارت کا ترجمہ کریں اور حکماء اور امام رازی کے اختلاف کی مثال سے وضاحت کریں۔ ۶+۷=۱۳

(۲) علم کے معانی میں سے کوئی تین تحریر کریں۔ ۴×۳=۱۲

سوال نمبر 2:۔ الدلالة فی اللغة هو الارشاد وفی الاصطلاح کون الشیئ بحیث یلزم من العلم به العلم بشیئ آخر

(۱) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز دلالت لفظیہ اور دلالت غیر لفظیہ کی تعریف کریں۔ ۶+۶=۱۲

(۲) مفرد اور مرکب کی تعریف کر کے بتائیں کہ منطقیوں کے کلمہ اور نحویوں کے فعل میں کیا فرق؟ ۶+۷=۱۳

سوال نمبر 3:۔ معرف الشیئ مایحمل علیه لافادة تصوره وهو علی اربعة اقسام

(۱) عبارت کا ترجمہ کر کے معرف کی اقسام اربعہ بیان کریں۔ ۴×۳=۱۲

(۲) کلی منطقی کی تعریف کریں نیز کلیات خمسہ میں سے کسی تین کی تعریف کر کے مثال دیں۔ ۴+۹=۱۳

القسم الثانی ... تاریخ ادب عربی

سوال نمبر 4:۔

(۱) قرآن مجید کی کا اسلوب بیان کر کے اس کی لغت کا تعارف کرائیں۔ ۱۰+۵=۱۵

(۲) قرآن مجید کی اثر انگیزی کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 5:۔

(۱) حدیث نبوی کا مختصر تعارفی جائزہ پیش کریں۔ ۱۰

(۲) حدیث کا طرز اسلوب بیان کر کے کوئی دو حدیثیں بیان کریں جو آپ ﷺ کی فصاحت اور حکیمانہ صلاحیتوں کا آئینہ دار ہوں۔ ۵+۱۰=۱۵

سوال نمبر 6:۔

(۱) فرزدق اور جریر کا اور ان کی شاعری کا مختصر تعارف کرائیں۔ ۸+۸=۱۶

(۲) سیاسی شاعری کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ مثال دے کر وضاحت کریں۔ ۹

خاصہ سال اول

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | **پانچواں پرچہ : سیرت وتاریخ** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ... سیرت

سوال نمبر 1:۔

(۱) رسول اللہ ﷺ کی خاندانی شرافت پر کوئی دو احادیث بیان کریں۔ ۱۰=۵+۵

(۲) آپ ﷺ کے اجداد میں سے فہر، قصی اور ہاشم کا مختصر تعارف بیان کریں۔ ۱۵=۳x۵

سوال نمبر 2:۔

(۱) بوقت ولادت شریفہ کے بارے میں ایک مختصر اور جامع جائزہ پیش کریں۔ ۱۰

(۲) شق صدر کتنی بار ہوا؟ دور طفولیت میں آپ کی برکت سے بارش برسنے کا واقعہ اور شام کا پہلا سفر اختصارا بیان کریں۔ ۱۵=۳x۵

سوال نمبر 3:۔

(۱) رسول اللہ ﷺ کی دعوت تبلیغ کا آغاز کیسے ہوا اور کتنا عرصہ خفیہ دعوت رہی؟ ۱۰

(۲) آپ ﷺ اور عتبہ کے درمیان جو گفتگو ہوئی اس کا خلاصہ بیان کریں نیز اوجھ شانوں پر رکھ کر اذیت دینے کا واقعہ قلمبند کریں۔ ۱۵=۵+۱۰

القسم الثانی ... تاریخ الخلفاء

سوال نمبر 4:۔

(۱) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لقب صدیق کی وجہ آپ کا اصلی نام بیان کریں۔ ۱۰=۵+۵

(۲) سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کا واقعہ بیان کریں نیز آپ کی سخاوت پر کوئی ایک روایت بیان کریں۔ ۱۵=۵+۱۰

سوال نمبر 5:۔

(۱) سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں وارد ہونے والی کوئی دو احادیث بیان کریں۔ ۱۰=۵+۵

(۲) مسیلمہ کذاب سے جنگ کا واقعہ پورے پس منظر کے ساتھ مفصلا تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 6:۔

(۱) امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے موافقات قرآن میں سے کوئی دو بیان کریں۔ ۱۰

(۲) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کی اہمیت وعظمت پر ایک مضمون قلمبند کریں نیز آپ کو شہید کرنے والے کا نام تحریر کریں۔ ۱۵=۳+۱۲

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ 2019ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ : بلاغت | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

الفصاحة فی اللغة تنبئ عن البیان والظهور یقال افصح الصبی فی منطقه اذا بان وظهر کلامه وتقع فی الاصطلاح وصفا للکلمة والکلام والمتکلم

(۱) اعراب لگا کر عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغہ تحریر کریں۔ ۱۰=۳+۷

(۲) تنافر حروف، مخالفت قیاس اور تعقید لفظی میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال ذکر کریں۔ ۱۵=۵x۳

سوال نمبر 2:۔

والخبر مایصح ان یقال لقائله انه صادق فیه او کاذب

(۱) فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر کی تعریف کریں۔ ۱۰=۵+۵

(۲) خبر کے دیگر اغراض میں سے کوئی تین اغراض مع امثلہ بیان کریں ۱۵=۳x۵

سوال نمبر 3:۔

من المعلوم انه لایمکن النطق باجزاء الکلام دفعة واحدة بل لابد من تقدیم بعض الاجزاء وتاخیر البعض

(۱) عبارت کا ترجمہ سپرد قلم کریں نیز تقدیم وتاخیر کے کوئی دو دواعی بیان کریں۔ ۱۰

(۲) دواعی ذکر میں سے کوئی پانچ دواعی مع مثال بیان کریں۔ ۱۵=۳x۵

سوال نمبر 4:۔

الایجاز وهو تأدية المعنى بعبارة ناقصة عنه مع وفائها بالغرض

(۱) ترجمہ کر کے ایجاز، قصر اور ایجاز حذف کی تعریف کریں ۱۰ =۵+۵

(۲) تشبیہ کی تعریف کر کے ارکان تشبیہ بیان کریں نیز طرفین کے اعتبار سے تشبیہ حسی اور عقلی کی مثال دیں۔ ۱۵=۷+۸

سوال نمبر 5:۔

درج ذیل اصطلاحات میں سے کسی پانچ کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔ ۲۵=۵x۵

الکنایة ، البلاغة ، الاطلاق ، الانشاء ، علم المعانی ، التقیید ، المجاز العقلی